نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
Facebook: www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department
www.agripunjab.gov,pk

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب احمد عزیز تارڑ نے محکمہ زراعت کے زیرِ اہتمام منعقدہ دو روزہ کھاد میلہ و پاکستان ہارٹی ایکسپو 2023 کا افتتاح کر دیا۔

سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب فیصل ظہور و دیگر اعلیٰ افسران سمیت کاشتکاروں، امپورٹرز و ایکسپورٹرز کی کثیر تعداد شریک

نمائش میں 9 ممالک سے 45 وفود کی شرکت جبکہ 100 سے زائد مختلف سٹالز ایکسپو سینٹر جوہر ٹاؤن لاہور میں لگائے گئے ہیں۔

کھاد میلہ و پاکستان ہارٹی ایکسپو 2023 کل تک جاری رہے گی

لاہور 28 جنوری 2023: ( ) سیکرٹری زراعت پنجاب احمد عزیز تارڑ نے محکمہ زراعت کے زیرِ اہتمام ہارٹیکلچر پراڈکٹس کے فروغ کیلئے منعقدہ " کھاد میلہ و پاکستان ہارٹی ایکسپو2023" کا افتتاح کر دیا۔ اس بین الاقوامی نمائش میں 9 ممالک (سعودی عرب، موریشیش، سری لنکا، جنوبی افریقہ، کینیا، بحرین، تاجکستان، قازقستان اور روس) کے 45 وفود اور امپورٹرز و ایکسپورٹرز شریک ہیں اور ملکی و بین الاقوامی اداروں کی طرف سے 100 سے زائد سٹالز ایکسپو سینٹر جوہر ٹاؤن لاہور میں لگائے گئے ہیں جن میں ہارٹیکلچرل پراڈکٹس اور ٹیکنالوجی کی نمائش کی گئی ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب احمد عزیز تارڑ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ زرعی شعبہ اور کاشتکاروں کی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ حکومت پنجاب بین الاقوامی زرعی نمائشوں کے ذریعے ملکی و غیر ملکی کاشتکاروں اور برآمد کنندگان کو پلیٹ فارم مہیا کر رہی ہے تاکہ باہمی تجربات اور ٹیکنالوجی سے استفادہ کر کے پھلوں، سبزیوں اور دیگر مصنوعات کی برآمدات میں اضافہ کیا جا سکے۔ اس بین الاقوامی زرعی نمائش کے ذریعے پاکستانی برآمد کنندگان کیلئے بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی آسان ہو گی اور ملک کیلئے زرِ مبادلہ حاصل کیا جا سکے گا۔ حکومت پنجاب معیاری پھلوں اور سبزیوں کی پیداوار میں اضافہ اور ویلیو ایڈیشن کے ذریعے برآمدات بڑھانے کے لئے سہولتیں اور ترغیبات فراہم کر رہی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ اس نمائش میں ملکی و غیر ملکی صنعت کاروں، کاشتکاروں، درآمد و برآمد کنندگان کی غیر معمولی دلچسپی سامنے آئی ہے۔ پاکستان ہارٹی ایکسپو کے انعقاد سے دنیا بھر کو پاکستان کے شعبہ زراعت کے متعلق آگاہی حاصل ہو گی۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب فیصل ظہور نے میڈیا سے گفتگو کے دوران کہا کہ ایسی نمائش کے انعقاد سے کاشتکاروں، ملکی و بین الاقوامی کمپنیوں، پروسیسرز، درآمد و برآمد کنندگان کیلئے رابطہ کاری آسان ہو جاتی ہے۔ جنوبی پنجاب میں بھی ایسی نمائشوں کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے جس سے زرعی برآمدات میں اضافہ کیا جا سکے۔ اس بین الاقوامی نمائش کے ذریعے پاکستانی زرعی مصنوعات کو عالمی منڈیوں میں متعارف کرانے میں مدد ملے گی۔ اس موقع پر ادارہ زرخیزی زمین پنجاب کی طرف سے تیار کردہ موبائل ایپ " کھاد حساب " کا سیکرٹری زراعت پنجاب احمد عزیز تارڑ نے باقاعدہ افتتاح بھی کیا گیا۔ موبائل ایپ کھاد حساب کے ذریعے کاشتکار اپنے بجٹ کے مطابق نائٹروجن، فاسفورس اور پوٹاش کھادوں کے متوازن استعمال کے لئے راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں جس سے فصلات کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ اور پیداواری لاگت میں کمی واقع ہو گی۔ اس بین الاقوامی نمائش میں 2 ہزار سے زائد کاشتکاروں، امپورٹرز و ایکسپورٹرز نے شرکت کی جن کو سبزیات اور پھلوں کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے متعلق آگاہی دینے کیلئے خصوصی انٹرنیشنل سیمینار کا اہتمام بھی کیا گیا۔ کھاد میلہ و پاکستان ہارٹی ایکسپو 2023 کل تک جاری رہے گی۔

☆☆☆☆